رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2016-2018 تا 2018-2020)

اردو (لازمی) 020 - (دہم کلاس) وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) (پہلا گروپ) کل نمبر : 60

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) : 10

(حصہ نظم)
(i) غریبوں کی جاں کو ، یتیموں کے دِل کو سکوں ہو گیا ہے ، قرار آ گیا ہے
(ii) شیر اُٹھتے تھے نہ دھوپ کے مارے کچھار سے آہُو نہ مُنھ نکالتے تھے سبزہ زار سے
(iii) جس کے بازو کی صلابت پر نزاکت کا مدار جس کے کس بل پر اکڑتا ہے غرورِ شہر یار
(iv) مجھے بیاہ کی تصویر بھیج دیں جھٹ پٹ یہ دیکھنا ہے کہ بیٹھے ہیں آپ کس کروٹ

(حصہ غزل)
(v) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا جہاں بادِ صرصر ، صبا ہو گئی ہے
(vi) رُوح کو بھی مزا محبت کا دل کی ہمسائگی سے مِلتا ہے
(vii) سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

(حصہ دوم)

3۔ درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) گاڑی کو جُنبش ہوئی اور وہ دوڑ کر آگے چلا گیا۔ سٹیشن کی دُکانیں ، خوانچے والے اور قلی اس کی نظروں کے سامنے سے بھاگ رہے تھے۔ وہ دیر تک کھڑی سٹیشن کی بتیوں کو ، جو اب اندھیری رات میں جگنو کی طرح چمک رہی تھیں ، گھورتی رہی۔ آخر گُھپ اندھیرے میں اس کی نظریں ٹھوکریں کھانے لگیں۔ اب وہ اپنے ڈبے کی طرف متوجہ ہوئی۔ دو سیٹوں پر دو عورتیں رنگین لحافوں میں لپٹی ہوئی تھیں۔

(ورق الٹئے)

201-020-I-(Essay Type)- 132000

(2)

3۔ (ب) کیا دیکھتا ہوں کہ نام دیو ایک پودے کے سامنے بیٹھا اس کا تھانولا صاف کر رہا ہے۔ تھانولا صاف کر کے حوض سے پانی لیا اور آہستہ آہستہ ڈالنا شروع کیا۔ پانی ڈال کر ڈول درست کی اور ہر رُخ سے پودے کو مڑمڑ کر دیکھا۔ پھر اُلٹے پاؤں پیچھے ہٹ کر اُسے دیکھنے لگا۔ دیکھتا جاتا تھا اور مسکراتا اور خوش ہوتا تھا۔ یہ دیکھ کر مجھے حیرت بھی ہوئی اور خوشی بھی۔ کام اُسی وقت ہوتا ہے جب اُس میں لذّت آنے لگے، بے مزہ کام نہیں، بیگار ہے۔

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟
(ii) میر صاحب اور ان کی بیوی سیّدانی بی کی کس بات پر زیادہ خوش تھے؟
(iii) محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟
(iv) چغل خور نے کسان سے کس بات کی اجازت مانگی تھی؟
(v) اسلام کیسے امن و آشتی کا مذہب ہے؟
(vi) نکیل پڑنے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
(vii) فاطمہ بنتِ عبداللہ نے میدانِ جنگ میں کیا فریضہ سرانجام دیا؟
(viii) شاعر کے ہاں مصیبت کے ''راحت افزا'' ہونے کی کیا وجہ ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ۔ (ii) علی بخش۔ 5

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) قائدِ اعظمؒ۔ (ii) برسات کا موسم۔ (iii) دیہاتی زندگی۔ 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے: 10

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں سے دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

سوالات : (i) زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟
(ii) عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟
(iii) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟
(iv) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے۔
(v) دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟